نام کتاب: کراچی کے عوامی کتب خانے

مصنف: محمد یوسف نعیم

صفحات: 140 قیمت: 80روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: عبدالرحمان دارالکتاب پوسٹ بکس نمبر 7184 جی پی او صدر کراچی۔

کتابیں پڑھنا اور جمع کرنا ایک ایسا ''روگ'' ہے کہ جسے لگ جائے پھر عمر بھر پیچھا نہیں چھوڑتا۔ کتاب دوستی کے حوالے سے بعض اصحاب ذوق نے ایسی نادر مثالیں قائم کی ہیں کہ اس کی نظیر نہیں ملتی۔ آج دنیائے عالم میں قائم لائبریریوں کا وجود انہی کتاب دوست حضرات کا رہین منت ہے۔ کتابیں جمع کرنا اور پھر انھیں دوسروں کو مطالعے کے لیے دینا بڑا دل گردے کا کام ہے۔ عصرِ حاضر میں جب کہ الیکٹرنک میڈیا کی ہر سو یلغار ہے اور پھر کتابوں کی قیمتیں بھی بڑی گراں ہیں' ان حالات میں لائبریریاں ایک نعمت ہیں۔ دیگر ممالک سے قطعہ نظر ہم وطن عزیز کو دیکھیں تو مختلف شہروں اور قصبوں میں دینی' علمی' ادبی' اصلاحی اور معلوماتی کتابوں پر مشتمل لائبریریاں نظر آئیں گی۔ بہت سے لوگ ان لائبریریوں سے مستفید ہو کر اپنے ذوق مطالعہ کی تسکین کرتے ہیں۔

پیش نگاہ کتاب ''کراچی کے عوامی کتب خانے'' ہمارے فاضل دوست مولانا محمد یوسف نعیم صاحب کی جہد مسلسل اور محنتِ شاقہ کا خوبصورت شاہکار ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے کراچی کے عوامی کتب خانوں اور لائبریریوں کا تعارف تفصیل سے کرایا ہے۔ اس ضمن میں لائبریری میں موجود کتب کی تعداد' کتب خانے کی نوعیت' عملے کی تعداد' لائبریری کے اوقات کار اور اس لائبریری تک پہنچنے کے ذرائع اور بس کے نمبر سے بھی آگاہ کر دیا ہے۔ محترم یوسف صاحب نے اس اہم تحقیقی کام کے لیے خود لائبریریوں کا وزٹ کیا اور لائبریری کے عملے سے معلومات حاصل کیں۔ بلاشبہ ان کی یہ کاوش قابل قدر ہے۔ کتب خانوں اور کتابوں سے متعلق شوق رکھنے والوں کے لیے ایک اہم دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ کتاب کی کمپوزنگ' کاغذ اور طباعت عمدہ ہے۔ جبکہ ٹائٹل سادہ' جاذب نظر اور خوبصورت ہے۔ کتاب کے حجم کے اعتبار سے اس کی قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اس کے باوجود یہ کتاب معلوماتی اعتبار سے بہت عمدہ ہے۔ کتاب کے حصول کے لیے قارئین ناشر کے علاوہ ان پتہ جات پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

۱۔ مکتبہ احیاء الاسلام کوٹ روڈ کراچی۔ (۲) مکتبہ ابوبیہ محمدی مسجد برنس روڈ کراچی۔ (۳) مکتبہ ستاریہ بلاک نمبر 6 گلشن اقبال کراچی۔ (۴) فضلی بک سٹور اردو بازار کراچی۔ (۵) کتاب سرائے الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆